بسم اللہ الرحمن الرحیم

نُورٌ عَلٰی نُورٍ یَھْدِی اللّٰہُ لِنُورِہٖ مَنْ یَّشَآءُ (النور: ۳۵)

نور پر نور ہے، اللہ اپنے نور کی راہ بتاتا ہے جسے چاہتا ہے

نور علیٰ نور

مرقعاتِ جہانِ امامِ ربانی مجدد الفِ ثانی رضی اللہ عنہ

مرتبہ

ابو السرور محمد مسرور احمد

امامِ ربانی فاؤنڈیشن کراچی

اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۴۲۵ھ / ۲۰۰۵ء

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نُورٌ عَلٰی نُورٍ یَهْدِی اللّٰهُ لِنُورِهٖ مَنْ یَّشَاءُ (النّور: ۳۵)

نور پر نور ہے، اللہ اپنے نور کی راہ بتاتا ہے جسے چاہتا ہے

نور علیٰ نور

کوہِ قلم

مرقعاتِ جہانِ امام ربّانی مجدّد الفِ ثانی رضی اللہ عنہ

مرتّبہ

ابو السّرور محمّد مسرور احمد

امام ربّانی فاؤنڈیشن کراچی

اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۴۲۵ھ / ۲۰۰۵ء

marfat.com

(جملہ حقوق طباعت بحق ناشر محفوظ ہیں)

نام .... نورٌ علیٰ نور

(مرقعات امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

مرتب .... صاحب زادہ ابوالسرور محمد مسرور احمد

نظر ثانی .... محمد عالم مختار حق

طابع .... حاجی محمد الیاس

مطبع ....

طباعت ۱۴۲۵ھ/ ۲۰۰۵ء

اشاعت .... اوّل

تعداد .... ایک ہزار

ناشر .... امام ربانی فاؤنڈیشن، کراچی

قیمت ....

ملنے کے پتے

پاکستان

- ☆ امام ربانی فاؤنڈیشن' اے۔۱' پلاٹ نمبر ۲۳' اسٹیڈیم لین نمبر ۴' خیابان شمشیر فیز 7' ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی فون نمبر ۵۸۰۹۹۳۔۰۲۱
- ☆ ادارۂ مسعودیہ' ۶/۲' ۵۔ای' ناظم آباد' کراچی، فون نمبر ۶۶۱۴۷۴۷۔۰۲۱
- ☆ ضیاء الاسلام پبلی کیشنز' محمد بن قاسم روڈ' آف ایم۔اے۔ جناح روڈ، کراچی، فون نمبر ۲۲۱۳۹۷۳۔۰۲۱
- ☆ ضیاء القرآن پبلی کیشنز' انفال سینٹر' اردو بازار' کراچی: فون نمبر ۲۶۳۰۴۱۱۔۰۲۱
- ☆ شرکت اسلامیہ' مسلم منزل' حمید پورہ کالونی نمبر ۱' میرپور خاص (سندھ) فون نمبر ۷۵۶۱۸۔۰۲۳۱
- ☆ ادارۂ مظہر اسلام' نئی آبادی' مجاہد آباد' مغل پورہ' لاہور۔۵۴۸۴۰ فون نمبر ۶۸۰۱۵۱۔۰۴۲۔۵۷
- ☆ ادارہ تحقیقات امام احمد رضا' ۲۵' جاپان مینشن' ریگل چوک' صدر' کراچی۔۷۴۴۰۰' فون نمبر ۷۷۲۵۱۵۰۔۰۲۱

marfat.com

- ☆ ادارہ تحقیقات امام احمد رضا، گلی نمبر ۳۸، ۴۴/۴ ۔ ایف ۔ ۶/۱، اسلام آباد ۔ ۴۴۰۰۰، فون نمبر ۲۸۲۵۵۸۷ ۔ ۰۵۱
- ☆ دار العلوم سلطانیہ، کالا دیو، ضلع جہلم فون نمبر ۳۰۸۸۹ ۔ ۷۳۳۸۱۱، ۷ موبائل ۹۵۱۲۹۲۰ ۔ ۰۳۰۰
- ☆ رکن الاسلام پبلی کیشنز، رکن الاسلام جامعہ مجددیہ، ہیرآباد، حیدرآباد (سندھ)، فون نمبر ۶۱۷۰۸۶، ۶۳۷۹۴ ۔ ۰۲۲۱
- ☆ فرید بک اسٹال، ۳۸ ۔ اردو بازار، لاہور، فون ۷۲۲۴۸۹۹ ۔ ۰۴۲
- ☆ مکتبہ نبویہ، گنج بخش روڈ، لاہور
- ☆ مکتبہ رضویہ، دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ، لاہور، فون نمبر ۷۲۲۶۱۹۳ ۔ ۰۴۲
- ☆ مکتبہ غوثیہ، پرانی سبزی منڈی نزد پولیس چوکی، محلہ فرقان آباد، یونیورسٹی روڈ، کراچی فون ۴۹۱۰۵۸۴ ۔ ۰۲۱
- ☆ مکتبہ بستان العلوم، جامعہ نقشبندیہ کڈہالہ (مجاہد آباد) براستہ گجرات، آزاد کشمیر فون نمبر ۵۰۵۹۵، ۷۴۱۰۶۲۷ ۔ ۰۳۴۲
- ☆ دار المبلغین، جامع مسجد قادریہ شیر ربانی، ۱۲۱ ایکڑ اسکیم، سمن آباد، لاہور
- ☆ حوزۂ نقشبندیہ، کاشانہ شیر ربانی، مکان نمبر ۵، اجمیری اسٹریٹ، ہجویری محلہ، دربار داتا گنج بخش، لاہور، فون نمبر ۷۱۳۱۳۳۵۶ ۔ ۰۴۲
- ☆ دربار عالیہ مرشد آباد شریف، بالمقابل آڈٹ کالونی، کوہاٹ روڈ، پشاور (سرحد)، فون نمبر ۲۵۲۳۷۹ ۔ ۰۹۱
- ☆ مفتی محمد جان نعیمی، دار العلوم مجددیہ نعیمیہ، ملیر، کراچی، (سندھ) فون نمبر ۴۵۰۹۰۷۴ ۔ ۰۲۱

FOREIGN COUNTRIES

- ☆ Mr. Ishoni Mahram Naqshbandi, Kabadian, K13, 50 year USR Dushanba City, Kizakistan (USR).Ph: 0099 2372-317597.
- ☆ Mr. Usman Ali, Al-Madina Restaurent No. 6 of Jaungymuan, West Road, 9th Floor (CHINA). Ph: 0086-86509714 / 6627
- ☆ Sufi Abur Rahman C/o Taj Hotel, Badshah Chowk, Seringar Kashmir (INDIA). Ph:0194 -2416785, 2416785.
- ☆ Mr. Shaikh Nematullah Khalil Ibrahim, Imam Islamic Centre, Japan 1-6-11 Ohara Setagaya, Tokyo, (JAPAN).Ph: 0334606169
- ☆ Green Dove International Ltd. 148 - 164 Gregory Boulevard, Nottingham NG7, 5 JE, (U.K.). Tel: 0115-911 7222.
- ☆ Dr. Ahmed Mirza, 720-E, Bridle Way Gilbert A2 85296 (U.S.A.) Tel: 4807929746

marfat.com

☆ Mawlana Ghulam Rasool Naqshbandi Kashmeri, Rue Wander, Moelen 1 B - 1080 Belgium PXL. Mobile 0032-479-863-786.

☆ Mr. Munir Hussain Masoodi, 46-Holly Lane Smethwick, West Midlands B67 7JD. (U.K). Tel: 07810525092.

☆ Mr. Masood Ahmed Ashrafi, Chairman, Global Islamic Mission, 355, Walnut Street # 2, Yonkers, New York-10701 (U.S.A). Tel: (914) 476 1426.

☆ Shah Zulfiqar Ali, 2022 - 100 Mornelle Court Toranto on, MIE 4 x 2 (CANADA). Ph: (416)534-8953.

☆ Allama Badr al-Qaudri, Director Islamic Academy, Jacobmaris Straat-37, Den-Haag 2526 A,P (Holland)

☆ Mawlana Qamaruddin, M.M.M.F. Vill: Rawli, P.O. Moenpur-3086, District Sunamgang, (Bangladesh).

☆ Abu al-Nasr Anas Farooqi Shah Abdul Khair Academy, Dargah Shah Abul Khair, Shah Abul Khair Road, Delhi - 6, (INDIA). Ph: 23263952.

☆ Dr. Mufti Muhammad Mukarram Ahmed, Nusratul Islam Educational Society, Masjid Fatehpuri, Delhi-6, (INDIA). Ph:23918322, 23979610.

☆ Khalifa Muhammad Yahya, Roza Shareef, Sirhind, District Fatehgarh, Pin code-140406.(INDIA) Ph:01763-30144.

☆ Mawlana Muhammad Qamaruddin Rizvi, Maktaba-i-Rizvia, 423-Matia Mahal, Jama Masjid Delhi 110006, (INDIA) Ph: 23264524.

☆ Prof. Dr. Hazim Muhammad Ahmed Abd al-Rahim Mahfooz, Lecturer, Department of Urdu, Azhar University, Cairo (Egypt). Ph: 5981171, 2614972, 2615237.

☆......☆......☆

marfat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

marfat.com

بحضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم

بلغ العلیٰ بکمالہٖ
کشف الدجیٰ بجمالہٖ
حسنت جمیع خصالہٖ
صلوا علیہ وآلہٖ

علیہ الصلوٰۃ والسلام

کلام شیخ سعدی

کتبہ گوہر قلم

marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

انتساب

مفتی اعظم شاہ محمد مظہر اللہ علیہ الرحمۃ

(امام وخطیب مسجد جامع فتحپوری، دہلی)

کے نام

- ......جو آئینۂ سیرت مصطفیٰ تھے
- ......جو کوہ صبر واستقامت تھے
- ......جو ٹوٹے ہوئے دلوں کا سہارا تھے
- ......جو علم ودانش کے کوہ گراں تھے
- ......جو مرجع علماء ومشائخ اہل سنت تھے
- ......جن کے دم پر سے شریعت وطریقت کے ایوان روشن تھے
- ......جن کی خاموشی پر گویائی قربان تھی
- ......جو دشمنوں کو بھی سینے سے لگاتے تھے
- ......جو بدخواہوں کو بھی گلے لگاتے تھے
- ......سادگی وعاجزی جن کا شعار تھا
- ......جن کی ہیبت سے کفر وشرک کے ایوان لرزتے تھے

marfat.com

O......جن کے دست حق پرست پر بے شمار غیر مسلم مشرف با سلام ہوئے

O......جن کی مقدس زندگی ملت اسلامیہ کے لئے نمونہ تھی

O......جن کا دل عشق مصطفیٰ سے سوزاں تھا

O......جن کو جو کوئی دیکھتا' اگر دیدہ ہو جاتا

O......جن کی زندگی سے خوف وغم نکال کر نفس مطمئنہ عطا کیا گیا

O......جو قرآن کریم تلاوت کرتے تو یوں محسوس ہوتا کہ قرآنی حکیم نازل ہو رہا ہے اور دلوں پر ثبت ہو رہا ہے

O......جنہوں نے غم والم سے بھرپور زندگی خوشی گزاری

O......جن کی صحبت میں دل کی دنیا بدل جایا کرتی تھی

O......جو خانقاہ نشیں تھے، خانقاہی رسوم سے پاک، متبع سنت رسول پاک (صلی اللہ علیہ وسلم)

O......جن کی زندگی کا ہر ہر لمحہ اللہ کی عبادت اور خلق اللہ کی خدمت میں گزرتا تھا

O......جن کی بلند حوصلگی نے دنیا کے بدلے آخرت کو قبول کیا

O......جو اپنے عہد میں سلسلۂ نقشبندیہ مجددیہ کے آفتاب تھے

O......جن کے افکار عالیہ آسمان ہدایت کے ستارے تھے

O......جن کے نشان قدم منزل کا نشاں تھے

O......جن کو موت بھی نہ مارسکی

O......جو مرنے کے بعد بھی زندہ ہیں

ع ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

☆......☆......☆

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

کرنیں

☆☆

ا......حرف آغاز	جاوید اقبال مظہری	۱۱
۲......ماہ وسال حضرت مجدد الف ثانی	علامہ محمد عبدالحکیم اختر شاہجہان پوری	۱۳
۳......امتیازات امام ربانی	علامہ محمد ذاکر اللہ نقشبندی	۱۸
۴......میلادِ مجدد	محمد سلیم جان سلیم مجددی	۲۴
۵......کدام شاہِ مجدد	عابد حسین عابد سہسوانی	۲۷
۶......مجدد اعظم	ابوالسرور محمد مسرور احمد	۳۱
۷......نورٌ علیٰ نور		
○ مرقع مقامات مقدسہ		۴۷
○ مرقع نقشبندی		۷۹
○ مرقع مجددی اول		۹۳
○ مرقع جہاں گیری		۱۱۹
○ مرقع مجددی دوم		۱۳۹

marfat.com

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

حرف آغاز

جاوید اقبال مظہری

☆☆

شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کی ولادت باسعادت سرہند شریف (مشرقی پنجاب، بھارت) میں ۹۷۱ھ/۱۵۶۳ء میں ہوئی اور ۱۰۳۴ھ/۱۶۲۴ء میں سرہند شریف ہی میں آپ نے وصال فرمایا، آپ کی ذات محتاج تعارف نہیں، عرب وعجم میں آپ کا سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ پھیلا ہوا ہے، آپ کی تعلیمات اور افکار عالیہ سے جہاں روشن ہے، تاریخ اسلام پر آپ کی گہری چھاپ ہے، آپ نے اپنے تجدیدی کارناموں سے ایسا انقلاب برپا کیا جس کے اثرات آج بھی نظر آرہے ہیں، عہد جدید میں آپ کی ذات ہی مسلمانان عالم کو متحد کرسکتی ہے، آپ کی تعلیمات ملت اسلامیہ کا عظیم سرمایہ ہیں...... ۲۰۰۲ء میں انہیں تعلیمات کو عام کرنے کے لئے راقم السطور نے امام ربانی فاؤنڈیشن کی بنیاد رکھی اور ایک انسائیکلو پیڈیا ''جہان امام ربانی مجدد الف ثانی'' کے عنوان سے حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کی حیات، افکار و تعلیمات اور دینی خدمات پر علمی، تحقیقی مقالات کی تدوین اور اشاعت کا اہتمام کیا جس کی چھ جلدیں ان شاء اللہ ۲۰۰۵ء میں شائع ہوجائیں گی، ساتویں جلد بھی تیاری کے مرحلے میں ہے جو بعد میں بطور ضمیمہ شائع ہوگی، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ جہان امام ربانی مجدد الف ثانی میں تقریباً ۱۲۵ رنگین فلمیں تھیں اس کے علاوہ ۷۰ سادہ فلمیں اور ۱۸۰ دوسرے عکسی اوراق بھی ہیں، ابتداء میں خیال تھا کہ یہ رنگین فلمیں مختلف ابواب کے تحت مرقعات کی صورت میں شامل کی جائیں چوں کہ اس طرح ان فلموں سے عام قارئین کا استفادہ کرنا مشکل نظر آیا اس لیے یہ تجویز ہوئی کہ ان کو ''نورٌ علیٰ نور'' کے عنوان سے علیحدہ کتابی صورت میں شائع کردیا جائے تاکہ عام قارئین بھی استفادہ کرسکیں۔

ان فلموں کی فراہمی میں محمد محسن خاں، دہلی (ہند)، ڈاکٹر احمد مرزا (امریکہ) محمد سہیل مسعودی، محمد انیس مسعودی، نور احمد مسعودی (کراچی) نے خصوصی تعاون کیا ان کے علاوہ بہت سے احباب نے

marfat.com

تعاون کیا جن کا ذکر ہر ایک باب کے سرورق پر کر دیا گیا ہے، جناب خورشید عالم گوہر رقم (لاہور) خطاطی اور جناب افتخار احمد حافظ (راولپنڈی) کی کتابوں سے بھی استفادہ کیا گیا ہے، ہم سب معاونین کے تہ دل سے ممنون ہیں۔

ان فلموں کو پانچ مرقعات میں مندرجہ ذیل تفصیل سے شامل کیا گیا ہے۔

۱......مرقع مقامات مقدسہ

۲......مرقع نقشبندی

۳......مرقع مجددی اول

۴......مرقع جہاں گیری

۵......مرقع مجددی دوم

مرقع مقامات مقدسہ میں ان شخصیات سے متعلق عمارات اور مقابر کی فلمیں ہیں جن کا مکتوبات امام ربانی میں ذکر کیا گیا ہے......مرقع نقشبندی میں سلسلہ نقشبندیہ کے اکابر اولیاء خواجہ بہاء الدین نقشبندی، خواجہ باقی باللہ اور ان کے صاحبزادہ گان علیہم الرحمۃ سے متعلق مقابر اور عمارات کی فلمیں ہیں......مرقع مجددی اول میں حضرت مجدد الف ثانی، آپ کے والد، اساتذہ، برادر طریقت وغیرہ سے متعلق فلمیں ہیں......مرقع جہاں گیری میں اکبر بادشاہ، جہاں گیر بادشاہ، شاہجہان بادشاہ، اورنگ زیب عالم گیر اور شہزادی روشن آراء سے متعلق عمارات و مقابر کی فلمیں ہیں......اور مرقع مجددی دوم میں حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کی اولاد امجاد، خلفاء اور سلسلۂ مجددیہ کے دیگر مشائخ کرام سے متعلق مقابر و عمارات کی فلمیں ہیں۔

اس مجموعے کی جمع و ترتیب میں ڈاکٹر اقبال احمد اختر القادری، سید محمد شعیب افتخار مسعودی اور نور احمد مسعودی نے خاص تعاون کیا اور طباعت و جلد بندی میں حاجی محمد الیاس مسعودی اور برادرم منصور احمد مسعودی نے خاص جدوجہد کی راقم الحروف ان سب معاونین اور محبین کا تہ دل سے ممنون ہے۔

جاوید اقبال مظہری عفی عنہ
بانی امام ربانی فاؤنڈیشن، کراچی
اسلامی جمہوریہ پاکستان

۱۰ر شعبان المعظم ۱۴۲۵ھ
۲۶ر ستمبر ۲۰۰۴ء

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

ماہ وسال

(سیرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ)

علامہ محمد عبدالحکیم اختر شاہجہان پوری

☆☆

۱...... حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کی سرہند شریف میں پیدائش ۱۴/شوال ۹۷۱ھ/۱۵۶۳ء

۲...... حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کی علوم عقلیہ ونقلیہ میں سند فراغت ۹۸۸ھ/۱۵۸۰ء

۳...... حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کی پہلی مرتبہ اکبر آباد (آگرہ) تشریف آوری ۹۹۳ھ/۱۵۸۳ء

۴...... رسالہ ''اثبات النبوۃ'' کی تصنیف ۹۹۴ھ/۱۵۸۶ء

۵...... حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ کی شادی خانہ آبادی ۹۹۷ھ/۱۵۸۹ء

۶...... آپ کے فرزند اکبر خواجہ محمد صادق علیہ الرحمۃ کی ولادت باسعادت ۱۰۰۰ھ/۱۵۹۱ء

۷...... ''کوائف مذہب شیعہ'' کے تاریخی نام سے روافض کا رد لکھا ۱۰۰۲ھ/۱۵۹۳ء

۸...... حضرت مجدد علیہ الرحمۃ کے دوسرے فرزند خواجہ محمد سعید علیہ الرحمۃ کی ولادت ۱۰۰۵ھ/۱۵۹۶ء

۹...... آپ کے والد محترم خواجہ عبدالاحد علیہ الرحمۃ کا وصال ۱۰۰۷ھ/۱۵۹۸ء

marfat.com

۱۰......	آپ کے تیسرے فرزند اور جانشیں خواجہ محمد معصوم علیہ الرحمۃ کی ولادت	۱۰۰۷ھ/۱۵۹۸ء
۱۱......	پہلی مرتبہ دہلی حاضری اور حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمۃ سے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ میں خلافت و اجازت سے سرفرازی اور حصول کمالات عالیہ	۱۰۰۸ھ/۱۵۹۹ء
۱۲......	شاہ سکندر کیتھلی علیہ الرحمۃ نے حضرت غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمۃ (م ۵۶۱ھ/۱۱۶۴ء) کا خرقہ خلافت حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمۃ تک پہنچایا	۱۰۰۸ھ/۱۵۹۹ء
۱۳......	حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمۃ کی بارگاہ میں دوسری بار حاضری	۱۰۰۹ھ/۱۶۰۰ء
۱۴......	''رسالہ تہلیلیہ'' کی تصنیف	۱۰۱۰ھ/۱۶۰۱ء
۱۵......	آپ کے چوتھے فرزند خواجہ محمد فرخ علیہ الرحمۃ کی ولادت	۱۰۱۰ھ/۱۶۰۱ء
۱۶......	رحمت دو عالم ﷺ نے اپنے دست خاص سے آپ کو خلعت قیومیت پہنائی	۱۹/ربیع الاول ۱۰۱۱ھ/۱۶۰۲ء
۱۷......	تیسری دفعہ حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمۃ کی بارگاہ میں حاضری	۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳ء
۱۸......	حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمۃ کا وصال	۲۵/جمادی الآخر ۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳ء
۱۹......	وصال مرشد کے وقت لاہور سے فوراً تعزیت کی غرض سے چوتھی دفعہ دہلی حاضری	۱۰۱۲ھ/۱۶۰۳ء

marfat.com

۲۰...... اپنے پیرومرشد خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمۃ کے عرس میں شمولیت کی غرض سے پانچویں مرتبہ دہلی حاضری	سنہ ۱۰۱۳ھ/۱۶۰۴ء
۲۱...... ''شرح رباعیات'' نامی رسالہ تحریر فرمایا	(غالبًا) سنہ ۱۰۱۳ھ/۱۶۰۴ء
۲۲...... شیخ احمد برکی علیہ الرحمۃ کو خلافت سے سرفراز کر کے تبلیغ دین کے لیے ان کے وطن میں واپس بھیج دیا	سنہ ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء
۲۳...... مولانا صالح کولابی علیہ الرحمۃ کو خلافت دے کر طالقان میں تبلیغ دین کے لیے بھیجا	سنہ ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء
۲۴...... مولانا قاسم علی علیہ الرحمۃ کو خلافت دے کر ماوراء النہر میں تبلیغ دین کے لیے بھیجا	سنہ ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء
۲۵...... شیخ یوسف اور شیخ حسن رحمۃ اللہ علیہما کو خلافت سے سرفراز کیا	سنہ ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء
۲۶...... خراسان، بدخشاں اور توران کے ہزاروں افراد اور کتنے ہی علماء و مشائخ حاضر بارگاہ ہو کر آپ کے ارادت مندوں میں شامل ہوئے	سنہ ۱۰۱۵ھ/۱۶۰۶ء
۲۷...... شیخ طاہر بدخشی علیہ الرحمۃ کو خلافت سے سرفراز کیا	سنہ ۱۰۱۶ھ/۱۶۰۷ء
۲۸...... رسالہ ''معارف لدنیہ'' تصنیف فرمایا	سنہ ۱۰۱۶ھ/۱۶۰۷ء
۲۹...... آپ کے پانچویں فرزند خواجہ محمد عیسیٰ علیہ الرحمۃ کی ولادت	سنہ ۱۰۱۷ھ/۱۶۰۸ء
۳۰...... خواجہ میر نعمان علیہ الرحمۃ کو خلافت سے سرفراز کر کے دکن میں تبلیغ دین کے لیے بھیجا	سنہ ۱۰۱۷ھ/۱۶۰۸ء
۳۱...... خواجہ محمد اشرف کابلی اور شیخ میرک رحمۃ اللہ علیہما جیسے مشائخ کی آپ کے حلقۂ ارادت میں شمولیت	سنہ ۱۰۱۹ھ/۱۶۱۰ء

marfat.com

۳۲...... رسالہ ''مبداء ومعاد'' کی تدوین	۱۰۱۹ھ/۱۶۱۰ء
۳۳...... فرزند اکبر خواجہ محمد صادق علیہ الرحمۃ کو خلافت سے سرفراز فرمایا	۱۰۲۱ھ/۱۶۱۲ء
۳۴...... علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی علیہ الرحمۃ (المتوفی ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء) جیسے نابغہ عصر عالم کی آپ کے ارادت مندوں میں شمولیت	۱۰۲۲ھ/۱۶۱۳ء
۳۵...... شیخ حمید اللہ علیہ الرحمۃ کو خلافت سے نواز کر تبلیغ دین کے لیے بنگال بھیجا	۱۰۲۲ھ/۱۶۱۳ء
۳۶...... بہت سے جنّات کی اپنے بادشاہ سمیت آپ کے دست حق پرست پر بیعت	۱۰۲۲ھ/۱۶۱۳ء
۳۷...... آپ کے ساتویں فرزند خواجہ محمد یحیٰی علیہ الرحمۃ کی ولادت	۱۰۲۴ھ/۱۶۱۵ء
۳۸...... آپ کے صاحبزادے خواجہ محمد عیسیٰ علیہ الرحمۃ کا مرض طاعون سے وصال	۷/ربیع الاول ۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء
۳۹...... ان سے چند گھنٹے بعد آپ کے صاحبزادے خواجہ محمد فرخ علیہ الرحمۃ کا اسی مرض سے وصال	۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء
۴۰...... اسی مرض سے آپ کی صاحبزادی حضرت اُم کلثوم کا وصال	۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء
۴۱...... اسی مرض سے آپ کے فرزند اکبر خواجہ محمد صادق علیہ الرحمۃ کا وصال	۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء
۴۲...... مولانا یار محمد جدید بدخشی علیہ الرحمۃ نے ''مکتوبات امام ربانی'' کا دفتر اول مرتب کیا۔ جس میں ۳۱۳ مکتوبات ہیں	۱۰۲۵ھ/۱۶۱۶ء
۴۳...... مولانا محمد قاسم علیہ الرحمۃ کو ستر آدمی دے کر ترکستان میں تبلیغ دین کے لیے بھیجا	۱۰۲۶ھ/۱۶۱۷ء

marfat.com

۴۴...... مولانا فرخ حسین علیہ الرحمۃ کو چالیس آدمی دے کر عرب، یمن، شام اور روم میں تبلیغ دین کے لیے بھیجا	۱۰۲۶ھ/ ۱۶۱۷ء
۴۵...... مولانا محمد صادق کابلی علیہ الرحمۃ کو دس آدمیوں کا نگران بنا کر کاشغر بھیجا	۱۰۲۶ھ/ ۱۶۱۷ء
۴۶...... شیخ احمد برکی علیہ الرحمۃ کو تیس خلفاء سمیت تبلیغ دین کے لیے توران، بدخشاں اور خراسان بھیجا	۱۰۲۶ھ/ ۱۶۱۷ء
۴۷...... شیخ بدیع الدین علیہ الرحمۃ کو شاہی لشکر میں تبلیغ دین پر مامور فرمایا	۱۰۲۷ھ/ ۱۶۱۸ء
۴۸...... مولانا عبدالحی حصاری علیہ الرحمۃ نے ''مکتوبات امام ربانی'' کے دوسرے دفتر کو ''نور الخلائق'' کے تاریخی نام سے مرتب کیا۔ اس دفتر میں ۹۹ مکتوبات ہیں	۱۰۲۷ھ/ ۱۶۱۸ء
۴۹...... سرمایہ ملت کے اس نگہبان کو گوالیار قلعے میں محبوس کر دیا گیا	۱۰۲۸ھ/ ۱۶۱۸ء
۵۰...... تقریباً ایک سال بعد آپ کو رہا کر کے لشکر کے ساتھ رکھا گیا	۱۰۲۹ھ/ ۱۶۱۹ء
۵۱...... خواجہ محمد ہاشم کشمی علیہ الرحمۃ نے ''مکتوبات امام ربانی'' کے تیسرے دفتر کو ''معرفۃ الحقائق'' کے تاریخی نام سے مرتب کیا	۱۰۳۱ھ/ ۱۶۲۱ء
۵۲...... وصال سے تقریباً ایک سال پہلے لشکر شاہی سے دولت کدے پر واپسی	۱۰۳۳ھ/ ۱۶۲۳ء
۵۳...... سرمایہ ملت کے اس عدیم المثال نگہبان کا وصال پر ملال	۲۸ صفر ۱۰۳۴ھ/ ۱۶۲۴ء

☆......☆......☆

marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہ' ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

امتیازاتِ امام ربانی مجدد الف ثانی

مرشد کریم خواجہ باقی باللہ، حضرت مجدد الف ثانی اور آپ کے خلفائے کرام علیہم الرحمۃ کے مکتوبات شریف اور دوسرے محققین کی تصانیف کی روشنی میں

علامہ محمد ذاکر اللہ نقشبندی

☆☆

۱......ولادت باسعادت سے قبل حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرات اہل اللہ رحمہم اللہ تعالیٰ نے آپ کی آمد آمد کی خبر دی۔

۲......چار سو برس پہلے حضرت غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کا نور مشاہدہ فرمایا اور آپ کیلیے اپنا مقدس جُبّہ شریف عطا فرمایا جس کو زیب تن فرما کر حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بے انتہا فیض پایا۔

۳......مرشد کریم حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمۃ کی خدمت میں حاضری سے قبل آپ کی قطبیت کی استعداد اُن پر ظاہر کر دی گئی۔

۴......مرشد کریم نے آپ کے عالم افروز نور کو سرہند شریف میں ایک عظیم شمع کی صورت میں ملاحظہ فرمایا۔

۵......مرشد کریم کی یہ پیش گوئی کہ حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک ایسے چراغ ہیں جن سے سارا جہان روشن ہوگا۔

۶......مرشد کریم کی خدمت میں آپ طالب بن کر نہیں بلکہ مطلوب بن کر حاضر ہوے اور وہ کچھ پایا جو دوسروں نے بہت کم پایا ہوگا۔

marfat.com

۷......مرشد کریم کی خدمت میں نہایت سرعت سے صرف ڈھائی ماہ کے عرصے میں سیر وسلوک کی منازل طے کیں۔

۸......مرشد کریم نے تکمیل کے لیے طالبوں کو آپ کی طرف بھیجا۔

۹......مرشد کریم نے آپ سے روحانی استفادہ کیا۔

۱۰......مرشد کریم کا آپ کا بے حد ادب کرنا جس کو عجائباتِ زمانہ میں شمار کیا گیا۔

۱۱......حق تعالیٰ نے یہ قدرت بخشی تھی کہ جس کو چاہتے ولایت کی اعلیٰ منزل تک پہنچا دیتے۔

۱۲......حق تعالیٰ نے آپ کو حق الیقین کی دولت سے سرفراز فرمایا۔

۱۳......اللہ تعالیٰ نے آپ کو اپنے اور حضور انور ﷺ کے قُرب خاص سے نوازا۔

۱۴......بفضل رب کریم وہ راز بتا دیے گئے کہ اگر کھول دیے جاتے تو اپنے بیگانے ہو جاتے اور آپ کو شہید کر دیا جاتا۔

۱۵......آپ سے حق تعالیٰ نے بلا واسطہ کلام فرمایا۔

۱۶......آپ حضور انور ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوئے، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دستخط اور مُہر خاص سے آپ کو آخرت کا اجازت نامہ عطا فرمایا۔ اور مقامِ شفاعت سے نوازا۔

۱۷......حضور انور ﷺ نے آپ کو بشارت دی کہ "قیامت کے دن کئی ہزار گناہ گاروں اور خطا کاروں کو تمہاری شفاعت سے بخشدیں گے۔"

۱۸......آپ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم کے مقامات کی سیر کرائی گئی۔

۱۹......حضرت خضر علیہ السلام نے آپ کو علم لدُنی عطا فرمایا۔

۲۰......آپ کو ولایت اور اقتباس کمالاتِ نبوت کی ساری نسبتوں سے سرفراز کیا گیا اور اس راہ کا کوئی کوچہ باقی نہ رہا۔

۲۱......حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ الکریم نے آپ کو آسمانوں کا علم عطا فرمایا۔ جس کا آپ نے اظہار بھی فرمایا۔

marfat.com

۲۲......حضرت خضر اور حضرت الیاس علیہما السلام نے آپ سے ملاقات کر کے اپنی زندگی اور موت کی حقیقت بیان فرمائی۔

۲۳......امام ابو حنیفہ اور آپ کے شاگرد رحمہم اللہ تعالیٰ آپ کے گرد اگرد جمع ہوئے اور ان کے انوار سے آپ کا سینہ مملو ہو گیا۔

۲۴......آپ کو مقاماتِ صغریٰ کی سیر میں قطبیت ارشاد اور قطبیت افراد کا جامع بنایا۔

۲۵......تعینِ وجودی اور تعینِ علمی کے اسرار آپ پر کھولے گئے اور اس مرتبۂ عُلیا کے اسرار و برکات سے آپ مشرف ہوئے۔

۲۶......آپ کو قلوبِ خمسہ کے اسرار سے نوازا گیا۔

۲۷......آپ کو جہانِ علم اور جہانِ حیات کی سیر کرائی گئی۔

۲۸......آپ کی دنیا کو حق تعالیٰ نے اپنے کرمِ محض سے آخرت بنا دیا۔

۲۹......آپ کو حقیقتِ قرآنی کے اسرار و انوار، بیت اللہ کی حقیقت، اور بیت المقدس کی حقیقت سے کافی حصہ عطا فرمایا گیا۔

۳۰......آپ کو قضائے مُبرم اور قضائے معلق کی قسموں کے اسرار کی اطلاع کے ساتھ مخصوص کیا گیا۔

۳۱......آپ کو متشابہاتِ قرآنی اور مقطعاتِ قرآنی کے اسرار و رموز سے آگاہ کیا گیا۔

۳۲......آپ جس گناہ گار کی مغفرت طلب کرتے اس سے عذابِ قبر اُٹھا لیا جاتا۔

۳۳......آپ کو متابعت سنت نبوی ﷺ کے سات درجات کے انوار و برکات سے نوازا گیا۔

۳۴......آپ کے سینۂ بے کینہ سے وسواس اور خناس کو نکال دیا گیا۔

۳۵......شرکِ خفی کو آپ کی عبادت سے دور کر دیا گیا۔

۳۶......آپ کو وہ راہ دکھائی گئی جو جذبہ و سلوک سے بالاتر ہے۔ جس کو آپ نے اقتباسِ نبوت کی راہ سے تعبیر فرمایا ہے۔

۳۷......کامل متابعت نبوی کی بدولت آپ کو مقامِ رضا سے بالاتر مقام عطا فرمایا گیا اور اس کو محبتِ ذاتی کے ساتھ تعبیر کیا گیا۔

marfat.com

۳۸......آپ پر ولایتِ صغریٰ، ولایتِ کبریٰ اور ولایتِ علیا کے درجات منکشف ہوے۔

۳۹......آپ کو بتایا گیا کہ مہدی آخرالزماں کے ظہور تک آپ جیسے باطنی کمالات و معاملات رکھنے والا فردِ فرید ظہور میں نہیں آئے گا۔

۴۰......آپ نے فرشتوں کے ساتھ عرش کے اوپر طواف کی سعادت حاصل کی۔

۴۱......آپ کو 'الف ثانی' کا مجدد بنایا گیا اور ہزارِ دوم کا منوِّر بنایا گیا، اب جس کو فیض مل رہا ہے آپ ہی کے توسط سے مل رہا ہے۔

۴۲......آپ کو صاحبانِ شریعت اور صاحبانِ طریقت کے درمیان ''صلہ'' بنایا گیا اور آپ نے دونوں کو یک جان کیا۔

۴۳......آپ کو وحدۃ الوجود کی تنگنائے سے نکال کر وحدۃ الشھود کی آبنائے میں لے جایا گیا اور قام عبدیت کی حقیقت آپ پر منکشف کر دی گئی۔

۴۴......آپ نے مقامِ نبوت سے براہِ راست وہ فیض پایا جو بہت کم خوش نصیبوں نے پایا ہوگا۔

۴۵......آپ کو وہ علوم و معارف عطا کیے گئے جو علماء کے علوم اور اولیاء کے معارف کے علاوہ ہیں بلکہ آپ کے علوم و معارف کے مقابلے میں یہ سارے علوم و معارف پوست کا حکم رکھتے ہیں اور آپ کے علوم و معارف مغز کا حکم رکھتے ہیں۔

۴۶......جو علوم فنا فی اللہ اور بقا باللہ سے تعلق رکھتے ہیں وہ سب آپ پر منکشف کر دیے گئے۔

۴۷......آپ کو مقامِ ولایت، مقامِ شہادت، مقامِ صدیقیت، مقامِ قربت، مقامِ نبوت وغیرہ کی آگہی بخشی گئی۔

۴۸......آپ کو قطبِ ارشاد بنایا گیا جس کے واسطے کے بغیر رُشد و ہدایت اور ایمان و معرفت حاصل نہیں ہوسکتی۔

۴۹......آپ کو خزینۂ رحمت بنایا گیا۔

۵۰......آپ کو نسبت قیومیت سے سرفراز کیا گیا۔

marfat.com

۵۱......ہاتفِ غیبی نے آپ کو ندا دی:۔

غَفَرْتُ لَکَ وَلِمَنْ تَوَسَّلَ بِکَ بِوَاسِطَةٍ اَوْ بِغَیْرِ وَاسِطَةٍ اِلٰی یَومِ الْقِیَامَةِ

(ترجمہ) میں نے تم کو بخشدیا اور اس کو جو تمہارے ذریعے وسیلہ ڈھونڈے، بالواسطہ یا بغیر واسطہ کے، قیامت کے دن تک۔

۵۲......آپ نے فرمایا''جو لوگ ہمارے طریقے میں قیامت تک بالواسطہ یا بلا واسطہ داخل ہوں گے' خواہ مرد ہوں یا عورتیں' سبھوں کو ہماری نظر کے سامنے لایا گیا' نام ونسب' مولد ومسکن بتایا گیا۔ اگر میں چاہوں سب کو ایک ایک کر کے بیان کر دوں۔''

۵۳...... ہاتفِ غیبی نے آپ کو ندا دی:

اِنَّکَ مِنَ الْمُتَّقِیْن

(ترجمہ) بیشک تم متقیوں میں سے ہو۔

۵۴......آپ کو بشارت دی گئی کہ جس جنازے میں آپ شریک ہوں گے' وہ بخشا جائے گا۔

۵۵......بشارت دی گئی کہ جو علم آپ نے زباں سے ارشاد فرمایا یا قلمبند کئے وہ سب ہماری طرف سے فرمودہ ہیں۔(خواہ عالم صحو میں فرمائے یا عالم سکر میں)۔

۵۶......آپ پر ظاہر کیا گیا کہ برصغیر میں انبیاء علیھم السلام تشریف لائے۔ جہاں وہ مدفون ہیں ان خطوں کے انوار بھی آپ نے ملاحظہ فرمائے۔

۵۷......آپ نے تبلیغ دین متین کے لیے سنت رسول علیہ التحیۃ والتسلیم پر عمل کیا۔ بادشاہوں' وزراء وامراء کو خطوط لکھے اور مختلف علاقوں اور ملکوں میں وفود بھیجے' تعلیم وتعلم کی طرف بھرپور توجہ کی اور اس راہ میں وہ صبر وتحمل فرمایا کہ باید وشاید۔

۵۸......آپ کا سلسلۂ طریقت حرکی تھا سکونی نہ تھا۔

۵۹......آپ کی جملہ تصانیف تصوف کے اسرار ومعارف سے مملو ہیں اور ایک نئے جہان کی خبر دے رہی ہیں۔

marfat.com

۶۰......آپ کے طریقۂ تبلیغ وارشاد نے حاکموں کا مزاج بدلا' حکومتوں کا انداز بدلا اور ایک عظیم انقلاب برپا کیا۔

۶۱......آپ نے وصال سے پہلے ۱۵ شعبان المعظم ۱۰۳۳ھ کو لوحِ محفوظ سے اپنا نام مٹتے ہوئے خود ملاحظہ فرمایا اور ۲۸ صفر المظفر ۱۰۳۴ھ کو مسکراتے ہوئے جانِ عزیز جاں آفریں کے سپرد کردی۔

نشانِ مردِ مومن با تو گویم
چوں مرگ آید تبسم بر لبِ اوست
(اقبال)

☆......☆......☆

حواشی

۱......احمد سرہندی' شیخ: مکتوبات شریف' مطبوعہ امرتسر' ۱۹۱۴ء

۲......احمد سرہندی' شیخ: مبداء ومعاد' مطبوعہ لاہور ۱۹۵۶ء

۳......بدرالدین سرہندی' خواجہ: حضرات القدس' جلد دوم' مطبوعہ لاہور ۱۹۲۲ء

۴......محمد باقی باللہ' خواجہ: مکتوبات شریف' مطبوعہ لاہور

۵......محمد ہاشم کشمی' خواجہ: زبدۃ المقامات' مطبوعہ کانپور ۱۸۸۹ء

۶......محمد مسعود احمد' پروفیسر ڈاکٹر: سیرت مجدد الف ثانی' کراچی ۱۹۷۶ء

۷......محمد مسعود احمد' پروفیسر ڈاکٹر: حضرت مجدد الف ثانی اور ڈاکٹر محمد اقبال' سیال کوٹ ۱۹۸۰ء

☆......☆......☆



marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی علٰی رسولہ الکریم

میلادِ مجدد

حضرت محمد سلیم جان سلیم مجددی

☆☆

دہر را مژدہ کہ وضعے دگرے پیدا شد
ز شب تیرہ مبارک سحرے پیدا شد
آں چناں ابر عطا و کرم حق بارید!
گلشن فیض بدہر بام و درے پیدا شد
گشت آفاق منور ز ضیائے سرہند
در شبِ تار ضلالت قمرے پیدا شد
ماہ و انجم درخشید و فلک داد نوید!
برزمیں مہر ہدٰی جلوہ گرے پیدا شد
تہنیت رفت ز گیتی بہ سماوات علٰی
نائبِ احمد مرسل بشرے پیدا شد
حسن ذات ازرخ پر نُور برافگند نقاب
عشق رقصید کہ صاحب نظرے پیداشد
مژدہ اے اہل دل و مژدہ اے ارباب وفا
کہ مسیحا نفسے، چارہ گرے پیدا شد

marfat.com

سزد از فخر اگر مادر گیتی نازد!
در کنارش چہ نجستہ پسرے پیدا شد
شعلہ زد عشق رسول از دم او در عالم
باز از خاک فسردہ شررے پیدا شد
شکر کز قلزمِ انوار رسولِ عربی
احمدِ ہندی والا گہرے پیدا شد
شکر در باغ شریعت ز نہالِ فاروقؔ
راحتِ قلب و نظر خوش ثمرے پیدا شد
عقدۂ شرع و طریقت باشارت وا کرد
شکر کہ ایں سلسلہ را باز سرے پیدا شد
بود از منزلِ خود صوفی و ملا گمراہ
شکر کہ ایں قافلہ را راہبرے پیدا شد
باز بنیاد شہنشاہی اسلام نہاد
خسرو بے کلہ و بے کمرے پیداشد
سرنگوں بر در او سطوت شاہان جہاں
حاکم کشور دل تاجورے پیداشد
کرد او بتکدۂ اکبرؔ و فیضیؔ مسمار
قصرِ دیں را چہ عجب کار گرے پیدا شد
گردنش پیشِ جہاں گیرؔ نشدخم ہرگز
آں شہے محتشمے مفتخرے پیدا شد

marfat.com

محرم سرِ نہاں سالکِ راہِ ایقاں
صاحبِ عزم و عمل دیدہ ورے پیدا شد
حامیٔ دینِ متین ماحیٔ شرک و بدعت
حق نما، حق طلبی، حق نگرے پیدا شد
نازش عالمیاں قدوۂ خاصان خدا
در نکویانِ جہاں خوبترے پیدا شد
بہ کمالات و فضائل، بہ علوم و عرفاں
فائق از اہلِ جہاں نامورے پیدا شد
آں مجدد کہ جہاں منتظر او بود!
شکر صد شکر کہ آں منتظرے پیدا شد
ظلمتِ بدعت و الحاد ز عالم بگریخت
شکر کز صبحِ سعادت اثرے پیدا شد

☆......☆......☆



علی چار دفعہ مربع

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

کدام شاہِ مجدد

عابد حسین عابد سہسوانی

☆☆

سپیدہ دم کہ ازیں خاکدان ظلمانی
علم کشید سر عرش روحِ سیلانی
چوں واپس آمدہ از سیر عالمِ بالا!
بگوشِ ہوش من از یں راز گفت پنہانی
کہ ساکنان فرا دیس عالمِ بالا
کہ حاضران در بارگاہ سُبحانی!
ہمی برند طبق بر طبق پُر از انوار!!
بدوشِ خویش ز درگاہِ خاص رحمانی!
بگفتمش کہ کجا می برند ایں انوار!
جواب داد بعرسِ امامِ ربانی!
بگفتمش کہ کدام ست آں امامِ کریم
بگفت شاہ مجدد و امامِ ربانی!
کدام شاہِ مجدد کہ بر در پاکش
شہانِ دہر و سلاطین کنند دربانی

marfat.com

کدام شاہِ مجدد کہ پیش از واو را
"صلہ" بگفت جنابِ حبیبِ رحمانی
کدام شاہِ مجدد کہ کاملانِ جہاں
بر آستانۂ پاکش نہادہ پیشانی
کدام شاہِ مجدد کہ خود بروضۂ او
بہار باغ بیاید پے گل افشانی
باستفاضۂ فیضانش ذرّہ ذرّۂ خاک
بآفتاب دہد درس نور افشانی
بفیض او دلِ ذرّہ بزعمِ خورشیدی
بلطفِ او دل قطرہ بجوش عمانی
دلش بمعرفت حق چو بیکراں بحریست
کہ قطرہ قطرۂ او قلزمی بطغیانی
تصور رخ پر نور او بدل کردم!!
طبیعتم شدہ چوں آفتابِ نورانی
طراز دولت جاہست دید نقش قدم
نشانِ راہ نجات است چین پیشانی
ز داغِ مہر پیمبر مرا نشانی دہ!!
ز دردِ عشق خدا لذتی کن ارزانی!!
بسوز عشقِ دلم را چو کوہِ طور بسوز
بشوقِ دیدنش آید کلیم عمرانی!

marfat.com

دلم بسینہ بگرداں چو ملزمِ خونیں
که قطرہ قطرہ بود زاں چو بحر طوفانی
ہزار جوش زند ہمچو بحر طوفاں جوش
چناں دلے بمن بیدلے کن ارزانی
بکن ز نور یقیں خانۂ دلم روشن
چناں کہ مہر دہد ذرّہ را درخشانی

(ماخوذ از الجذبتہ الشوقیہ الی الحضرۃ المجددیۃ، مطبوعہ شاہی پریس، لکھنؤ، ص،۴ تا ۶ و ۱۰ تا ۱۲ ملخصاً،
بشکریہ جناب مظہر علی خان مظہر لکھنوی، مدینہ منورہ)

☆......☆......☆

marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم
نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

مجددِ اعظم

ابوالسرور محمد مسرور احمد

☆☆

حقیقت میں مجدد الف ثانی ہی مجدد اعظم ہیں، وہ سو سال کے مجدد نہیں، ہزار سال کے مجدد ہیں، وہ علماء و مشائخ کے مشارٌ الیہ ہیں، مولانا احمد رضا خاں بریلوی نے مولانا محمد علی مونگیری کو آپ کی طرف متوجہ کیا اور آپ کے فرمان کو واجب الاطاعت قرار دیا، وہ شاہ فضل رحمٰن گنج مرادآبادی نقشبندی مجددی کی خدمت میں خود حاضر ہوئے اور نوازے گئے، اپنے دارالعلوم منظر اسلام کے صدر مدرس بھی مولانا محمد ظہور الحسین فاروقی نقشبندی مجددی کو مقرر فرمایا، آپ کے خلیفہ قطب مدینہ مفتی ضیاء الدین مدنی، حضرت مجدد الف ثانی کو ''ہمارے سر کے تاج'' فرمایا کرتے تھے، قطب مدینہ کے جداعلیٰ حضرت علامہ عبدالحکیم سیالکوٹی علیہ الرحمۃ نے سب سے پہلے حضرت مجدد الف ثانی کو ''مجدد الالف الثانی'' تحریر فرمایا...... بیشک حضرت مجدد الف ثانی ''مجدد اعظم'' ہیں۔

- ...... حضرت مجدد الف ثانی اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ نے حکومت وقت کا اسلام کی طرف رخ موڑ دیا اور ایک عظیم اسلامی انقلاب برپا کیا
- ...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ کا سلسلہ طریقت برصغیر سے نکل کر ساری دنیا میں پھیل گیا۔
- ...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور اکابر مشائخ طریقت نے آپ کی آمد آمد کی پیش گوئیاں فرمائیں
- ...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ دنیا کے بیشتر علماء و مشائخ نے آپ کو دوسرے ہزار سال کا مجدد تسلیم کیا

marfat.com

- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ علماء اور عوام اہل سنت اور ساری دنیا میں مسلمان کہلانے والے فرقے اور جماعتیں آپ کی تعریف میں رطب اللسان ہیں
- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ نے ایک عظیم انقلاب برپا کیا اور خون کا ایک قطرہ تک نہ بہایا
- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ کی اولاد امجاد اور خلفاء نے صدیوں تبلیغ اسلام کے فرائض انجام دیئے
- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ کے علم لدنّی کا ادراک کسی کے لئے ممکن نہیں
- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ نے عرب وعجم کو اپنی شخصیت اور فکر سے بے حد متاثر کیا
- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ نہ صرف برصغیر بلکہ ہزاروں لاکھوں غیر ملکی زبانیں بولنے والے آپ کے دامن سے وابستہ ہوئے...... فارسی بولنے والے، عربی بولنے والے، ترکی بولنے والے، روسی بولنے والے، ملائی بولنے والے، انڈونیشی بولنے والے، چینی بولنے والے اور برصغیر کی بیسیوں زبانیں بولنے والے آپ کے دامن سے وابستہ ہوئے
- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ شاہان وقت آپ کے قدموں میں آ آ کر دفن ہوتے تھے۔
- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ علم ودانش کی دنیا میں آپ کے مکتوبات شریف کی نظیر نہیں، نہ بیان میں نہ معنی میں
- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ کی نظر لوح محفوظ پر تھی
- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ نے بادشاہوں، امیروں، فوجی افسروں، صوفیوں اور عالموں کی اصلاح فرمائی
- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ جان کی بازی لگا کر بھرے دربار میں جہانگیر بادشاہ کو سجدۂ تعظیمی سے انکار کر کے بادشاہ اور درباریوں کو حیران کر دیا
- O...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ نے مسلم معاشرے میں کافرانہ ومشرکانہ رسوم کے خلاف سخت جدوجہد کی اور کامیاب ہوئے

marfat.com

○...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ حضرت غوث اعظم نے صدیوں پہلے آپ کی آمد آمد کی خبر دی

○...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کو شفاعت میں سے حصہ عطا فرما کر سرفراز فرمایا اور آخرت کا اجازت نامہ بھی عطا فرمایا

○...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ نے کتب حدیث کے وہ نادر و نایاب مخطوطات مطالعہ فرمائے جو کہ آپ کے اساتذہ عرب شریف سے لائے تھے

○...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ کے مرشد کریم خواجہ باقی باللہ نے چالیس سال کی عمر شریف میں صرف چار سال رشد و ہدایت کے بعد اپنی زندگی ہی میں تمام طالبین و سالکین کو آپ کے سپرد فرما دیا اور مرشد کریم کی زندگی ہی میں ان کے قائم مقام ہو گئے۔

○...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ کی شخصیت و فکر پر نہ صرف پاک و ہند اور بنگلہ دیش بلکہ ترکی میں، امریکہ میں، انگلستان میں، ہالینڈ میں، اسرائیل میں، ایران میں، سعودی عرب مکہ معظّمہ میں، کینیڈا میں، تحقیقی کام ہوا ہے اور ہو رہا ہے۔

○...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ سے وابستہ خانقاہیں ساری دنیا میں پھیلی ہوئی ہیں

○...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ سلسلہ نقشبندیہ مجددیہ کے بیشتر مرشدین و خلفاء، متبع سنت، عالم باعمل اور صاحب تصنیف ہیں

○...... اس لیے بھی ''مجدد اعظم'' ہیں کہ آپ کے ماننے والوں نے ساری دنیا میں اسلام اور آزادی کے لیے جدوجہد کی

○...... الغرض حضرت مجدد الف ثانی کے ظاہری و باطنی کمالات کا احاطہ ممکن نہیں، اللہ تعالیٰ نے اپنے کرم سے ملت اسلامیہ کو ایسا مجدد عطا فرمایا جو دوسرے ہزار سال کے تمام مجددین کا امام ہے۔

زبس ہمت و وسعت فیض باطن

بہ تجدید الف دوم شد معین

marfat.com

